(جیساکہ آجکل کے نام نہاد مجتہد بھی یہی کہتے نہیں تھکتے اور ہر تقریر و تحریر میں اسی کا رونا روتے ہیں) حضرت الشیخ فرماتے ہیں کہ ان حالات میں میں نے یہ طے کیا کہ اپنا مسلک تبدیل کر کے مسلک شافعیت اختیار کرلوں۔ چنانچہ میں نے اپنے استاذِ مکرم سے اس کا تذکرہ کیا۔ حضرت الاستاذؒ نے فرمایا کہ میں نے تمہیں مشکوٰۃ شریف استعجالاً پڑھائی، اسلئے شاید تم کو یہ خیال آیا ہے، تم فلاں فلاں کتابیں دیکھ لو پھر مجھ سے کہنا۔ چنانچہ حضرت الاستاذ کی ہدایات کے مطابق ان کتب کا مطالعہ شروع کیا تو میرے سارے اوہام و خیالات دور ہو گئے اور مجھے وثوق کامل ہو گیا کہ مسلکِ حنفی کے پاس سرمایۂ حدیث بھی زیادہ ہے اور ان کا مسلک زیادہ مؤید بالحدیث ہے ۔۔۔ اس کے بعد ذہن میں یہ خیال گردش کرتا رہا کہ حدیث کی کوئی کتاب مشکوٰۃ شریف کی طرح ایسی ہونی چاہیئے جس میں مسلکِ احناف کا سرمایۂ حدیث مستند طور پر یکجا ہو، اب تک کوئی ایسی کتاب نہیں ملی تو خود میں نے یہ کتاب "فتح الرحمان" کی تالیف اسی انداز پر شروع کر دی۔ (مقدمہ ص)

واقعۃً یہ کتاب اپنے طرز کی نرالی کتاب ہے اور حنفی نقطۂ نگاہ سے مشکوٰۃ شریف کا بدل ہے، اس کتاب کی دو جلدیں منصۂ شہود پر آ چکی ہیں اور حضرت اقدس مفتی صاحب مدظلہ کے گرامی نامہ سے معلوم ہوا کہ تیسری جلد کتابت کے مراحل سے گذر رہی ہے، اللہ کرے وہ بھی جلد شائع ہو جائے۔

حضرت اقدس مفتی نظام الدین صاحب مدظلہ لائق صد مبارک ہیں کہ انہوں نے اس تحفہ نایاب کا سراغ لگایا۔ آپ نے اس کتاب کو از سرِ نو تحریر فرمایا۔ کتابت کا انتظام فرما کر طباعت کے مراحل سے بھی گذارا، اور یوں علم حدیث کی خدمت کے ساتھ ساتھ مسلکِ احناف کی تائید و تصدیق کے سلسلے میں بھی ایک قابلِ صد تحسین کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ جس کے لیے تمام اہلِ اسلام بالخصوص علماء احناف ان کے مشکور ہیں۔

"فتح الرحمان" اہلِ علم کے لیے ایک نادر تحفہ ہے، بالخصوص طلباء اور مناظر حضرات اس سے خوب استفادہ کر سکتے ہیں۔ خواہشمند حضرات مکتبہ حسامیہ محلہ دیوان دیوبند (بھارت) سے رابطہ قائم کریں۔ اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب مدظلہ کی اس خدمت کو شرفِ قبولیت سے نوازے اور اس کا بہترین بدلہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین

حافظ محمد اقبال رنگونی۔ (لندن)

ذکری مذہب کے تعاقب میں ماہنامہ الحق کا فضل و تقدم

● لاریب ماہنامہ الحق نے کو اس سلسلہ میں فضل و تقدم کا شرف حاصل رہا ہے کہ اس نے فتنۂ باطلہ "ذکری مذہب" سے متعلق اپنی اشاعتوں میں نہایت مفید، جامع اور مستند معلومات اور مضامین شائع کیے۔ اس عجیب و غریب باطل فرقہ کی حقیقت کو واضح کر دینے اور اس کے مفاسد و مضرات سے پوری قوم کو خبردار کر دینے میں تمام تر سبقت و فضیلت کا